**21-05-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ

---------------------------------

Music

---------------------------------

1 لوک سبھا انتخابات کے باقی دو مرحلوں کے لیے چناؤ مہم زوروں پر ہے۔ چوٹی کے رہنما ایک کے بعد ایک جلسے کر رہے ہیں۔

2 وزیراعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے وارانسی میں میتری شکتی سمیلن میں، خواتین سے بات چیت کی۔

3 IMD نے اگلے چار دن کے لیے ملک کے شمال، شمال مغربی اور وسطی حصوں میں شدید گرمی سے متعلق ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ دلی میں بجلی کی مانگ اب تک کی سب سے اونچی سطح پر پہنچ گئی ہے۔

4 بیڈمنٹن میں ستوک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی BWF مردوں کے ڈبلز کی درجہ بندی میں دوبارہ سرفہرست آگئے ہیں۔

5 اور IPL کرکٹ میں، سن رائزرس حیدرآباد اور کولکاتہ نائٹ رائڈرس کے درمیان پہلا کوالیفائر میچ احمدآباد میں جاری ہے۔

---------------------------------

(Music)

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

## BIHAR CAMPAIGNING

بہار میں NDA اورعظیم اتحاد کے بہت سے سینئر رہنماؤں نے آج چھٹے اور ساتویں مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کیلئے چناؤ مہم میں حصہ لیا۔ سینئر BJP رہنما اور مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے پٹنہ میں صنعت، MSME اور چارٹرڈ اکاؤنٹس کے نمائندوں کے ساتھ ایک پروگرام کا انعقاد کیا۔ انھوں نے پٹنہ میں ایک پریس کانفرنس منعقد کی، جس میں انھوں نے الزام لگایا کہ ریاست کی پسماندگی، RJD اور کانگریس کے جنگل راج کی وجہ سے ہے۔ محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ کانگریس نے مال بھاڑے میں برابری لانے کی جو پالیسی بنائی تھی، وہ بہار کو، پیچھے لے جانے والی ثابت ہوئی اور اس کی وجہ سے ریاست، محصول سے محروم ہوگئی۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ وزیر اعظم مودی نے معیشت کی بحالی کے پروگرام شروع کیے اور بَرونی کیمیاوی کھاد فیکٹری کو ایک نئ زندگی دی۔

سیوان پارلیمانی حلقے میں Ziradei کے مقام پر ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے RJD رہنما تیجسوی پرساد یادو نے کہا کہ یہ وقت، آئین اور ریزرویشن کو بچانے کا ہے۔ انھوں نے الزام لگایا کہ لوگ، BJP سے پوری طرح اکتا گئے ہیں لہذا برسراقتدار پارٹی، فرقے وارانہ معاملات کو ہوا دے رہی ہے۔ جناب یادو نے مشرقی چمپارن، مغربی چمپارن اور ویشالی حلقوں میں چناؤ ریلیاں منعقد کیں۔

وکاش شیل انسان پارٹی کے رہنما مکیش سیاسنی اور کانگریس ریاستی صدر اکھلیش پرساد سنگھ نے سیوان اور مہاراج گنج پارلیمانی حلقوں میں عوامی جلسے منعقد کیے۔x

## PM UP PROGRAMME

وزیر اعظم اور سینئر BJP رہنما نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ آئی این ڈی آئی اتحاد، خواتین مخالف ہے اور وہ خواتین کے ریزرویشن کی مخالفت کرتے ہیں۔ اپنے پارلیمانی حلقے وارانسی میں، ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے، جس میں صرف خواتین نے شرکت کی، وزیر اعظم نے کہا کہ وہ سماجوادی پارٹی اور کانگریس اقتدار کے دوران محفوظ نہیں تھیں البتہ اترپردیش میں اب یوگی آدتیہ ناتھ کی قیادت میں خواتین محفوظ اور سلامت ہیں۔ سمپورنانند سنسکرت یونیورسٹی میں ''ماتری شکتی سیملن'' کے دوران خاتونِ خانہ، خاتون ڈاکٹروں، ٹیچروں، کاروبار مالکان، وکیلوں اور اتھلیٹس سے راست بات چیت کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ پچھلے 60 سال میں کسی حکومت نے خواتین کے بارے میں نہیں سوچا لیکن ہماری حکومت نے اُن پر توجہ دیتے ہوئے نہ صرف پالیسیاں بنائیں بلکہ اُنھیں ریزرویشن بھی دیا۔

اِس سے پہلے پریاگ راج میں ایک سیاسی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے، BSP اور سماجوادی پارٹی پر نکتہ چینی کی اور کہا کہ اِن پارٹیوں نے جرائم پیشہ عناصر کی سرپرستی کی۔

وزیر اعظم نے پریاگ راج کے BJP امیدوار نیرج ترپاٹھی اور پھول پور حلقے کے امیدوار پروین پٹیل کیلئے

چناؤ مہم کی۔

وزیر اعظم آج رات وارانسی ہی میں قیام کریں گے اور کل وہ اترپردیش میں مزید دو ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

دوسری طرف اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے آج بلرام پور، سدھارتھ نگر، سنت کبیر نگر، بستی اور اعظم گڑھ ضلعوں میں ریلیوں سے خطاب کیا۔

جناب یوگی نے کہا کہ BJP کی ڈبل انجن والی سرکار، کسی کو خوش کیے بغیر ترقی کر رہی ہے۔

سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے آج بھدوہی میں، TMC امیدوار للتیش پاٹی ترپاٹھی کی حمایت میں ایک سیاسی ریلی سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ BJP ملک میں محض 140 سیٹیں بھی نہیں جیتے گی۔ x

## AMIT SHAH CLAIM

مرکزی وزیر داخلہ اور BJP کے سینئر رہنما امت شاہ نے آج دعوی کیا ہے کہ لوک سبھا انتخابات کے پانچ مرحلے مکمل ہونے کے بعد BJP نے 310 سیٹیں جیت لی ہیں۔

اڈیشہ کے سمبل پور میں، ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ چھٹے اور ساتویں مرحلے کے انتخابات کے بعد پارٹی 400 سے زیادہ سیٹیں جیتے گی۔

BJP نے سمبل پور سیٹ سے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان کو کھڑا کیا ہے۔ انہوں نے یہ بھی الزام لگایا کہ اڈیشہ پر مٹھی بھر افسروں کی حکمرانی رہی ہے اور یہ چناؤ ریاست میں موجودہ بابو راج کا خاتمہ کر دے گا۔ جناب شاہ نے وزیراعلیٰ نوین پٹنائک کی قیادت والی BJD سرکار پر الزام لگایا کہ اُس نے اڈیشہ کی شان، زبان، ثقافت اور روایت کی توہین کی ہے۔

انہوں نے آج پُوری لوک سبھا حلقے کے تحت Dhenkanal اور Lathipada کے تحت Batagaon میں عوامی جلسوں سے بھی خطاب کیا۔x

## JHARKHAND KEJRIWAL RALLY

عام آدمی پارٹی کے رہنما اور دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال نے آج جمشید پور میں ایک چناؤ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے الزام لگایا کہ جھارکھنڈ کے سابق وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین کو دی گئی قید کی سزا، ایک سیاسی سازش کا حصہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہیمنت سورین کی اہلیہ کلپنا سورین، اب ذمہ داریاں سنبھال رہی ہیں اور اُن کی طرف سے وزیر اعظم نریندر مودی کیلئے ایک چیلنج پیدا ہوگیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہیمنت سورین، قبائلی برادری سے تعلق رکھنے

والے ملک کے مقبول ترین رہنما ہیں۔ انھوں نے کہا کہ JMM کے سرپرست رہنما شِبو سورین نے، جھارکھنڈ کو ایک الگ ریاست بنانے کیلئے سخت جد و جہد کی تھی۔

ملک کے عام انتخابات کے چھٹے مرحلے کے تحت جمشید پور میں، 25 مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ x

## HARYANA KURUKSHETRA CONSTITUENCY PROFILE

لوک سبھا انتخابات کے لیے ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کے اہم پارلیمانی حلقوں سے متعلق تفصیلات پیش کرنے کی اپنی سیریز میں، ااج ہم ہریانہ کے کروکشیتر کی بات کر رہے ہیں۔

یہ سیٹ 1977 میں وجود میں آئی۔

ہریانہ BJP کے ریاستی صدر اور موجودہ وزیراعلیٰ نائب سنگھ سینی، کروکشیتر سیٹ سے 2019 میں رکن پارلیمنٹ بنے۔ یہ سیٹ 2004 تک کانگریس کے پاس رہی۔ تاہم 2014 سے یہ BJP کے قبضے میں ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔

V/C - Ashwini Kumar Sharma

کروکشیتر پارلیمانی سیٹ BJP گذشتہ دو انتخابات سے جیت رہی ہے۔ اس سے پہلے نوین جندل دس سال سے کروکشیتر سے رکن پارلیمنٹ رہے ہیں جو اب اس سیٹ سے BJP کے ٹکٹ پر چناؤ لڑ رہے ہیں۔ 2019 کے لوک سبھا انتخابات میں نائب سنگھ سینی نے کانگریس کے نِرمل سنگھ کو تین لاکھ 34 ہزار سے زیادہ ووٹوں سے ہرایا تھا۔

اِس وقت نائب سنگھ سینی ہریانہ کے وزیراعلیٰ ہیں۔ کروکشیتر سیٹ پر اس مرتبہ مقابلہ دلچسپ ہے۔ BJP نے حال ہی میں پارٹی میں شامل ہوئے نوین جندل پر بھروسہ جتایا ہے جبکہ آئی این ڈی آئی اتحاد نے عام آدمی پارٹی کے سشیل گپتا کو امیدواری دی ہے۔

وہیں انڈین نیشنل لوک دل نے ابھے سنگھ چوٹالہ کو انتخابی میدان میں اتارا ہے۔

کروکشیتر پارلیمانی سیٹ سے کل 31 امیدوار میدان میں ہیں، جن میں 16 آزاد امیدوار ہیں۔

کروکشیتر پارلیمانی سیٹ کے تحت 9 اسمبلی حلقے آتے ہیں۔ ان میں کیتھل، گُہلا، کلایت، پنڈری، تھانے سر، پہوا، شاہ باد، لڈوا اور رادور شامل ہیں۔ کروکشیتر سیٹ پر 25 مئی کو ووٹنگ ہوگی، جہاں کل 17 لاکھ 94 ہزار سے زیادہ رائے دہندگان 31 امیدوارں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔

چنڈی گڑھ سے اشونی کمار شرما کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں ..................................

## DELHI POWER DEMAND

قومی راجدھانی دلّی میں شدید گرمی کے دوران، آج بجلی کی مانگ ابھی تک کی سب سے زیادہ رہی۔ دلّی میں بجلی سپلائی کے ریاستی مرکز نے بتایا کہ دوپہر کے وقت شہر میں یہ مانگ 7 ہزار 717 میگا واٹ تک پہنچ گئی اور اِس طرح بجلی کی مانگ کے، پہلے کے سبھی ریکارڈ ٹوٹ گئے۔ اِس سے پہلے جون 2022 میں سب سے زیادہ مانگ 7 ہزار 695 میگاواٹ ریکارڈ کی گئی تھی۔ x

## NATIONAL MOURNING

ایران کے صدر ڈاکٹر سید ابراہیم رئیسی اور وزیر خارجہ حسین امیر Abdollahian کی موت ہو جانے پر ان کے احترام میں آج ملک بھر میں سرکاری سوگ منایا جا رہا ہے اور قومی پرچم سرنگوں ہیں۔ ایران کے صدر اور وزیر خارجہ کی ہیلی کاپٹر حادثے میں موت ہو گئی تھی۔x

## JAISHANKAR IRAN

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، آج نئی دلی میں ایران کے سفارتخانے گئے، جہاں انہوں نے ایران کے صدر ابراہیم رئیسی اور وزیر خارجہ حسین امیرAbdollahian کی المناک موت پر بھارت کی گہری تعزیت کا اظہار کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ وہ ہمیشہ بھارت کے دوست کے طور پر یاد رکھے جائیں گے، جنہوں نے بھارت-ایران تعلقات کو مستحکم کرنے میں بیحد اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی سرکار اس انتہائی مشکل گھڑی میں ایران کے عوام کے ساتھ ہے۔x

## IRAN PREZ POLL

ایران میں صدارتی انتخابات 28 جون کو ہوں گے۔ IRNA نے اطلاع دی ہے کہ انتخابات کی تاریخ ایک میٹنگ میں طے کی گئی، جس میں ایران کے عبوری صدر محمد مُخبر اور دیگر شخصیتوں نے شرکت کی۔

اس سے پہلے ملک کے روحانی پیشوا آیت اللہ علی خامنہ ای نے، ملک کے نائب صدر محمد مُخبر کو عبوری صدر مقرر کیا۔x

## REV IMD WEATHER

راجستھان، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلی اور اترپردیش سمیت شمالی بھارت کے بہت سے حصوں میں گرمی

کی شدید لہر جاری ہے۔ مدھیہ پردیش، وِدربھ اور گجرات میں بھی اسی طرح کی صورتحال ہے۔ بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے اگلے چار دن کے لیے خطے میں گرمی کی لہر سے متعلق ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے IMD کے سینئر سائنسداں آر کے جینامنی نے بتایا کہ دلی میں درجۂ حرارت میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے۔منگیش پور اور پیتم پورا میں درجہ حرارت 44 اعشاریہ چھ ڈگری سیلسیئس ریکارڈ کیا گیا۔ نجف گڑھ میں 43 ڈگری سیلسیئس، صفدر جنگ میں 41 اعشاریہ پانچ اور پالم اسٹیشن میں 42 اعشاریہ چار ڈگری سیلسیئس ریکارڈ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ قومی راجدھانی میں ریڈ الرٹ اِس مہینے کی 25 تاریخ تک جاری رہے گا۔

S/B - Jenamani

IMD نے مزید کہا ہے کہ اگلے دو دن کے دوران جنوب مشرقی بحیرۂ عرب، مالدیپ، Comorin علاقے اور جنوبی خلیج بنگال اور انڈمان اور نکوبار جزائر کے بعض مزید حصوں میں جنوب مغربی مانسون کے مزید آگے بڑھنے کے لیے حالات سازگار ہیں۔ دفتر موسمیات نے بتایا ہے کہ اگلے دو سے تین دن کے دوران تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، کیرالہ، Mahe اور کرناٹک میں شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔x

## PAKISTAN HEATWAVE

پاکستان بھر میں چل رہی گرم لُو کے مدنظر انتظامیہ نے اسکولوں کو بند کرنے اور امتحانات کو ملتوی کرنے کا حکم دیا ہے۔ اسپتالوں کو الرٹ پر رکھا گیا ہے کیونکہ دن کے اوقات میں کچھ علاقوں میں درجۂ حرارت 50 ڈگری کو پار کر گیا ہے۔

مقامی میڈیا نے خبر دی ہے کہ درجۂ حرارت معمول کے درجۂ حرارت سے 8 ڈگری زیادہ درج کیا جا رہا ہے۔گرمی کی یہ شدید لہر کچھ ہفتے پہلے ہوئی زبردست بارش اور سیلاب کے بعد آئی ہے جس میں 100 سے زیادہ لوگوں کی موت ہوگئی تھی۔ اِن حالات سے بگڑتے موسمی توازن کا پتہ چلتا ہے۔ یہ لگاتار تیسرا سال ہوگا جب درجۂ حرارت 50 ڈگری کے پار ہوگیا ہے، جس سے انسانی اور حیوانی زندگی کو شدید خطرات لاحق ہوگئے ہیں۔ x

## EU AI RULE

یوروپی یونین کے وزیروں نے، مصنوعی ذہانت AI کے قانون کو متفقہ طور پر اپنی حتمی منظوری دے دی ہے۔ یہ وسیع نوعیت کا ایک بڑا قانون ہے، جس کے تحت یکسر تبدیلی لانے والی اِس ٹیکنالوجی کے استعمال کیلئے ضابطے طے کیے گئے ہیں۔

میڈیا کی خبروں کے مطابق یوروپی یونین کو امید ہے کہ اِس ٹیکنالوجی کے ارتقاء کے دور میں ہی AI سے

متعلق سخت ضابطے تشکیل دینے سے، خطروں کو وقت کے اندر اندر دور کیا جاسکے گا اور AI سے متعلق ضابطہ کاری کیلئے بین الاقوامی ایجنڈے کو تشکیل دینے میں بھی مدد ملے گی۔

ایسے ضابطوں سے چینی انداز کے سوشل کریڈٹ ایپس کو بھی ممنوعہ قرار دیا جاسکے گا۔ x

## BADMINTON RANKING

ستوک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی کی بھارت کی مردوں کی بیڈمنٹن جوڑی نے گذشتہ ہفتے بینکاک میں تھائی لینڈ اوپن سُپر 500 میں شاندار جیت کے بعد بیڈمنٹن ورلڈ فیڈریشن کی حالیہ درجہ بندی میں، چوٹی کی پوزیشن دوبارہ حاصل کر لی ہے۔ ٹورنامنٹ سے پہلے ستوک اور چراغ تیسرے مقام پر تھے، لیکن چین کے Liang Wei Keng اور Wang Chang سے آگے نکلنے میں کامیاب ہوگئے۔

جنوبی کوریا کے Min Hyuk Kang اور Seung Jae Seo تیسرے مقام پر ہیں۔ ستوک اور چراغ نے پورے ٹورنامنٹ میں شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا اور اپنے تمام میچ جیت لئے۔

فائنل میں انہوں نے محض 46 منٹ میں چین کے Chen Bo Yang اور Liu Yu کو اکیس-پندرہ، اکیس-پندرہ سے ہرایا اور اِس طرح تھائی لینڈ اوپن کے مردوں کے ڈبلز کا خطاب دوسری مرتبہ جیت لیا۔x

## EKTA BHYAN GOLD

بھارت کی Ekta Bhyan نے آج جاپان میں Kobe کے مقام پر ورلڈ پیرا ایتھلیٹک چمپئن شپ میں خواتین کے F51 کلب تھرو مقابلے میں 20 اعشاریہ ایک دو میٹر پھینک کر سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ کشش Lakra نے 14 اعشاریہ پانچ چھ میٹر پھینک کر چاندی کا تمغہ حاصل کیا جبکہ Nadjet Boucherf نے 12 اعشاریہ سات صفر میٹر اسکور کر کے کانسے کا تمغہ جیتا۔ پیرا ایشیائی کھیلوں میں سونے کا تمغہ جیتنے والی Deepthi نے خواتین کے 400 میٹر ٹی ٹوئنٹی زمرے کی دوڑ میں کل 55 اعشاریہ صفر سات سیکنڈ کا عالمی ریکارڈ توڑ کر سونے کا تمغہ جیتا۔ چمپئن شپ اس مہینے کی 25 تاریخ تک جاری رہے گی۔x

## IPL CRICKET

IPL کرکٹ میں سن رائزرس حیدرآباد اور کولکاتہ نائٹ رائڈرس کے درمیان جاری مقابلے میں سن رائزرس حیدرآباد نے جیت کے لیے 160 کا نشانہ رکھا ہے۔ یہ میچ احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں جاری ہے۔

پہلے بلے بازی کرتے ہوئے سن رائزرس حیدرآباد 19 اوورز اور تین گیندوں میں 159 رن بنا کر آل آؤٹ

ہوگئی۔ اس سیزن میں پہلی بار سن رائزرس حیدرآباد کے دونوں سلامی بلے باز جلد ہی آؤٹ ہو گئے۔

دوسرا کوالیفائر میچ کل اسی مقام پر راجستھان رائلس اور رائل چیلنجرس بینگلور کے درمیان کھیلا جائے گا۔

فائنل میچ اتوار کے روز ہوگا۔×

## HOCKEY INDIA

بھارت کے مردوں کی جونیئر ہاکی ٹیم نے بلجیم پر فتح کے ساتھ یوروپ کے اپنے دورے کا آغاز کیا ہے۔ نائب کپتان شردانند تیواری کے پنالٹی اسٹروک کے ذریعے گول سے بھارت کو برتری حاصل ہوئی۔ کھیل کے دوسرے حصے میں نائب کپتان نے پنالٹی کے ذریعے ایک اور گول کیا۔ کھیل کے تیسرے حصے میں بلجیم نے ایک پنالٹی کارنر کو گول میں تبدیل کرنے میں کامیابی حاصل کی۔ کھیل ختم ہونے میں کچھ ہی منٹ باقی تھے جب بلجیم کی ٹیم نے ایک اور پنالٹی کارنر گول کرکے برابری حاصل کرلی، چونکہ کھیل کے مقررہ وقت میں کوئی اور گول نہیں ہوسکا، لہٰذا کھیل کا چوتھا حصہ دو-دو کے اسکور کے ساتھ ختم ہوا، اس کے بعد ہار جیت کا فیصلہ پنالٹی شوٹ آؤٹ کے ذریعے کیا گیا۔ بھارت نے دو کے مقابلے چار گول سے پنالٹی شوٹ آؤٹ جیت لی۔

بھارت کل اپنا اگلا میچ بلجیم کے ساتھ کھیلے گا۔×

## SISODIA CUSTODY

دلّی کی راؤز اوینیو عدالت نے عام آدمی پارٹی رہنما اور دلّی کے سابق نائب وزیر اعلیٰ منیش سسودیا کی عدالتی تحویل کو 31 مئی تک بڑھا دیا ہے۔ جناب سسودیا پر مبینہ آبکاری پالیسی گھپلہ معاملے میں کالے دھن کو جائز بنانے کے الزامات ہیں۔ معاملے کی اگلی سماعت 31 مئی کو ہوگی۔

جناب سسودیا کو گزشتہ سال 25 فروری کو CBI نے گرفتار کیا تھا جس کے بعد سے وہ عدالتی تحویل میں ہیں۔ بعد میں اُنھیں ED نے گرفتار کرلیا۔ x

## AIIA YOGA

اِس سال 21 جون کو منعقد ہونے والے یوگ کے بین الاقوامی دن کی مناسب سے آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف آیوروید AIIA نے آج سے نئی دلّی میں 30 دن کی الٹی گنتی شروع کی۔ اس موقع پر AIIA کی ڈائریکٹر جنرل تنوجہ نیساری نے کہا کہ آیوروید اور یوگ ایک ہی سکّے کے دو رخ ہیں۔ انھوں نے اپیل کی کہ متوازن زندگی گزارنے کیلئے ہر کسی کو یوگا کے اصولوں پر عمل کرنا چاہیے۔

اس دوران روحانی رہنما برہما کماری کی بہن شیوانی نے اپنے خطاب میں کہا کہ یوگ میں جسم، ذہن اور روح کا علاج کرنے کی طاقت ہے۔ انھوں نے تیزی سے رو بہ صحت ہونے کے عمل کے دوران مثبت پہلوؤں پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ اِس سال کے بین الاقوامی یوگ کا دن کا موضوع ہے: ''خواتین کو با اختیار بنانے کیلئے یوگ۔'' x

☆☆☆☆☆